# 1037 ـ جب خاوند اوربیوی دونوں اسلام قبول کرلیں تو عقدنکاح کی تجدید نہیں ہوگي

**سوال**

جب خاوند اوربیوی دونوں اسلام قبول کرلیں تو کیا ان کا نکاح دوبارہ کرنا واجب ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

الحمدللہ

ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

( کفار کا نکاح صحیح ہے اورجب وہ مسلمان ہوجائيں تو وہ اسی نکاح پررہیں گے ـ ـ ـ ان کے عقد نکاح کی صفت اورکیفیت کو نہیں دیکھا جائےگا اورنہ ہی ان کے نکاح کے لیے مسلمان کے نکاح کی شرطیں معتبر شمار ہوں گی کہ اس کے لیے بھی ولی اورگواہ ، اورایجاب وقبول وغیرہ ہونا ضروری ہے اس میں مسلمانوں کے مابین کسی بھی قسم کا اختلاف نہیں ـ

ابن عبدالبر رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

علماء کا اس پر اجماع ہے کہ جب خاوند اوربیوی دونوں ایک وقت میں اکٹھے مسلمان ہوجائيں تو وہ اپنے نکاح پر ہی رہیں گے جب تک کہ ان میں کسی نسب اور رضاعت کی ممانعت نہ ہو ـ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عھد میں بہت ساری خلقت مسلمان ہوئي اوران کی عورتیں بھی مسلمان ہوگئيں اورانہیں انہیں کے نکاح پر قائم رکھا گیا ، اورنبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ان کے نکاح کی شروط کے بارہ میں سوال بھی نہیں کیا اور نہ ہی اس کی کیفیت کے بارہ میں پوچھا ، یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو تواترکے ساتھ معلوم ہے ـ ـ ـ ـ )

واللہ اعلم .